91

# PSYCHOLOGY HSSC–I

## SECTION – A (Marks 20)

**Time allowed: 25 Minutes** **Version Number 3 3 5 1**

**Note: Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on the separately provided OMR Answer Sheet which should be completed in the first 25 minutes and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.**

**Q. 1 Choose the correct answer A / B / C / D by filling the relevant bubble for each question on the OMR Answer Sheet according to the instructions given there. Each part carries one mark.**

1) If you feel as if you could no longer deal with everyday events and that coping even with minor things presented major difficulties, you should see:
   A. A clinical psychologist B. An environmental psychologist
   C. A community psychologist D. A biological psychologist
2) Which area of psychology is utilized in other subfields of psychology to conform these with scientific standards?
   A. Clinical B. Experimental C. Biological D. Social
3) To improve understanding of aggression, a developmental psychologist carefully watches elementary school children in their play ground during recess for several days. This technique is an example of:
   A. Naturalistic observation B. A case study
   C. An experiment D. A correlational study
4) A political poll to determine voter preferences before an election is an example of:
   A. Case study B. A survey
   C. An experimental study D. Naturalistic observation
5) Which of the following acts as a relay station sending messages from sensory system to various parts of the brain?
   A. Medulla B. Cerebellum C. Thalamus D. Hypothalamus
6) Which of the following regulates homeostasis as well as basic survival motivation such as eating, drinking, sexual behaviour and nurturance of off springs?
   A. Medulla B. Cerebellum C. Thalamus D. Hypothalamus
7) The smallest intensity of a stimulus that must be present for a sense organ to detect it, is called the:
   A. Absolute threshold B. Signal detection
   C. Differential threshold D. Noise of the stimulus
8) Which of the following is **NOT** a Gestalt's law?
   A. Closure B. Proximity C. Similarity D. Simplicity
9) Which of the following is a natural stimulus?
   A. Conditioned response B. Conditioned stimuli
   C. Neutral stimuli D. Unconditioned stimuli
10) When an aversive stimulus follows a particular behaviour, that stimulus is an example of:
    A. Punishment B. Extinction of behaviour
    C. Negative reinforcement D. Secondary reinforcement
11) The form of memory that requires acknowledging that a given stimulus has been encountered before, it is called:
    A. Relearning B. Recall C. Recognition D. Retention
12) Experiments have shown that when insulin is directly injected into the bloodstream, it.
    A. Decreases the hunger B. Increases sleep
    C. Decreases the glucose level D. Increases the protein
13) The need to establish and maintain relationships with other people is called:
    A. The need for power B. The need for affiliation
    C. The need for self-esteem D. The need for achievement
14) The joy of a birthday, the grief of a funeral and the happiness of a wedding are excellent examples of:
    A. Emotions B. Drives C. Motives D. Instincts
15) According to Freud, the part of personality that represents the morality of society through parents, teachers and other important people is the:
    A. Superego B. Ego C. Id D. Libido
16) Which of the following tests was designed to reveal unconscious content?
    A. Minnesota Multiphasic Personality Inventory
    B. Thematic Apperception Test
    C. California Psychological Inventory
    D. Edward's Personal Preference Schedule
17) According to Cannon – Bard, which area of brain is primarily involved in the determination of emotional responses?
    A. Hypothalamus B. Pons C. Thalamus D. Medulla
18) At which stage of memory verbal labels for objects first play a role in the formation of memories?
    A. Iconic memory B. Short term memory
    C. Long term memory D. Sensory memory
19) The rules governing the meaning of words and sentences are defined as:
    A. Grammar B. Phonology C. Syntax D. Semantics
20) A child with chronological age of 10 is tested and found to have a mental age of 5. The child's intelligence quotient (I.Q) would be:
    A. 200 B. 50 C. 100 D. 150

eduvision.edu.pk

# نفسیات ایچ ایس سی-I

| Version No. | 3 | 3 | 5 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ

حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبرا:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ روزمرہ کے معاملات صحیح طرح سے نہیں چلا پا رہے اور چھوٹی چھوٹی چیزوں سے نپٹنا بھی بڑی دشواری بن رہا ہے تو آپ کو ________ سے رجوع کرنا چاہیے۔

A کلینکل نفسیات دان B ماحولیاتی نفسیات دان C معاشرتی نفسیات دان D حیاتیاتی نفسیات دان

2) نفسیات کی کس شاخ کو باقی تمام شاخوں میں استعمال کیا جاتا ہے تاکہ وہ سائنسی معیار پر پورا اتر سکیں؟

A طبی/کلینکل B تجرباتی C حیاتیاتی D معاشرتی

3) غصّے کے ہیجان کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے ایک نموئی نفسیات دان بچوں کو کئی دن کھیل کے میدان میں کھیلتے ہوئے دیکھتا ہے یہ مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

A قدرتی مشاہدہ B انفرادی مطالعۂ احوال C تجربہ D شرح لزوم کا طریقہ

4) الیکشن سے پہلے لوگوں سے سیاسی درجہ بندی کروانا ________ کی مثال ہے۔

A انفرادی مطالعۂ احوال B سروے C تجرباتی طریقہ D قدرتی مشاہدہ

5) مندرجہ ذیل میں سے دماغ کا کون سا حصہ باقی حصوں کے لیے حیاتی پیغام رسانی (Relay Station) کا کام کرتا ہے؟

A سرحرام مغز/میڈولا B مخِ صغیر/مخیخ C عرشہ D زیرعرشہ

6) مندرجہ ذیل میں سے دماغ کا کون سا حصہ زندہ رہنے کے لیے ضروری عوامل مثلاً کھانا، پینا، جنس، بچوں کو پالنا اور جسمانی نظام کو یکساں رکھنے میں مدد دیتا ہے؟

A سرحرام مغز/میڈولا B مخِ صغیر/مخیخ C عرشہ D زیرعرشہ

7) مہیج کی کم سے کم مقدار جسے حسی اعضاء شناخت/محسوس کر لیں ________ کہلاتی ہے۔

A مطلق دہلیز B اشارے کی شناخت C تفریقی دہلیز D مہیج کا شور

8) مندرجہ ذیل میں سے کون سا قانون، قوانین گسٹالٹ کا حصہ نہیں ہے؟

A قانونِ تکمیل B قانونِ قرب C قانونِ مشابہت D قانونِ سادگی

9) مندرجہ ذیل میں سے کون سا قدرتی مہیج ہے؟

A مشروط ردِعمل B مشروط مہیج C غیر جانب دار مہیج D غیر مشروط مہیج

10) جب ایک ناپسندیدہ مہیج ایک خاص کردار (behaviour) کے بعد پیش کیا جائے تو اسے ________ کہتے ہیں۔

A سزا B کردار کا خاتمہ C منفی تقویت D ثانوی تقویت

11) حافظے کی قسم جس میں ایک مہیج کو پہلے سے واقفیت کی بنا پر بازیافت کیا جاتا ہے ________ کہلاتی ہے۔

A مکرر آموزش B یاد کرنا C شناخت D خازنیت

12) تجربات سے معلوم ہوا کہ انسولین کو جب براہِ راست خون میں داخل کیا جائے تو یہ:

A بھوک کو کم کر دیتی ہے B نیند کو بڑھا دیتی ہے C شکر کو کم کر دیتی ہے D پروٹین کو زیادہ کر دیتی ہے

13) دوسرے لوگوں سے تعلقات بنانے کے محرک کو ________ کہتے ہیں۔

A طاقت کا محرک B وابستگی کا محرک C خود آگاہی کا محرک D حصول کا محرک

14) سالگرہ کی خوشی، موت کا غم، شادی کی مسرت ________ کی بہترین مثالیں ہیں۔

A ہیجانات B ترغیبات C محرکات D جبلت

15) فرائڈ کے مطابق شخصیت کا وہ حصہ جو والدین، استاد یا اہم لوگوں کے ذریعے معاشرے کی اخلاقی اقدار کی نمائندگی کرتا ہے ________ کہلاتا ہے۔

A فوق الانا B انا C لاذات D حیاتی توانائی (Libido)

16) مندرجہ ذیل میں سے کون سی آزمائش لاشعور تک رسائی ممکن بناتی ہے؟

A منیسوٹا کثیر رخی جائزہ شخصیت B داستانی ادراکی آزمائش C کیلیفورنیا کی شخصیت کی آزمائش D ایڈورڈ کی ذاتی رجحان کی آزمائش

17) کینن بارڈ کے نظریہ ہیجان کے مطابق دماغ کا کون سا حصہ ہیجانی افعال کو متعین کرتا ہے؟

A زیرعرشہ B پل دماغ C عرشہ D سرحرام مغز/میڈولا

18) حافظے کے کس درجہ میں الفاظ کی شناخت کے ساتھ ہی وہ حافظے کا حصہ بننا شروع ہو جاتا ہے؟

A بصری حافظہ B قلیل المدت حافظہ C طویل المدت حافظہ D حسیاتی حافظہ

19) قواعد جو الفاظ اور جملوں کو بامعنی بناتے ہیں ________ کہلاتے ہیں۔

A گرائمر B صوتی آمائی C فقرہ سازی D معنی و مفہوم

20) ایک دس برس کا بچہ ذہنی آزمائش سے گزارا گیا۔ اس کی ذہنی عمر پانچ برس پتہ چلی۔ اس کی ذہانتی نسبت (I.Q) کیا ہوگی؟

A 200 B 50 C 100 D 150

eduvision.edu.pk

# PSYCHOLOGY HSSC–I

**Time allowed: 2:35 Hours** **Total Marks Sections B and C: 65**

**NOTE: Answer any eight parts from Section 'B' and all the questions from Section 'C' on the separately provided answer book. Use supplementary answer sheet i.e. Sheet–B if required. Write your answers neatly and legibly.**

## SECTION – B (Marks 40)

**Q. 2 Answer any EIGHT parts. Be brief and to the point in your answers.** **( 8 x 5 = 40 )**

(i) Briefly explain the role of a clinical psychologist.

(ii) Differentiate between naturalistic observation and case-study method.

(iii) Explain different types of Neurons briefly.

(iv) Write a short note on Autonomic Nervous System.

(v) Describe the functions of middle ear.

(vi) Define attention. Enlist its objective and subjective factors.

(vii) Briefly explain classical learning with the help of any two daily life examples.

(viii) Highlight the basic difference between James–Laing's and Cannon–Bard's theories of emotions.

(ix) Briefly explain the Freudian theory of personality.

(x) How can personality be assessed? Write any one method briefly.

(xi) Write down the two basic rules of problem solving briefly.

## SECTION – C (Marks 25)

**Note: Attempt ALL the questions.**

**Q. 3** Explain the functions of Human Eye with the help of a labelled diagram. **(12)**

**Q. 4** Define Motivation. Differentiate between primary and secondary motives. Explain the physiology of hunger motive in detail. **(13)**

- OR -

Give a detailed account of measurement of memory.

eduvision.edu.pk

## حصہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے آٹھ (08) اجزاء کے جوابات دیجیے۔آپ کے جوابات مختصر اور سوالات کے مطابق ہونے چاہئیں۔ (8x5=40)

(i) ایک طبی/ کلینیکل نفسیات دان کا کردار مختصراً بیان کریں۔

(ii) قدرتی مشاہدہ اور انفرادی مطالعہ احوال میں فرق واضح کریں۔

(iii) عصبانیوں کی مختلف اقسام کو مختصراً بیان کریں۔

(iv) خودکار نظامِ عصبی پر مختصراً نوٹ لکھیں۔

(v) وسطی کان کے افعال تحریر کریں۔

(vi) توجہ کی تعریف کریں۔نیز اس کے معروضی اور غیر معروضی عوامل کی فہرست بنائیں۔

(vii) کلاسیکی آموزش کو دو روزمرہ مثالوں کی مدد سے مختصراً بیان کریں۔

(viii) جیمز لینگ اور کینن بارڈ کے نظریات ہیجان کا بنیادی فرق واضح کریں۔

(ix) فرائڈ کا نظریہ شخصیت مختصراً بیان کریں۔

(x) شخصیت کی پیمائش کس طرح کی جاتی ہے؟ کسی ایک طریقے کی وضاحت کریں۔

(xi) مسائل کے حل کے لیے استعمال ہونے والے دو بنیادی قوانین کی مختصراً وضاحت کریں۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

(تمام سوال حل کیجیے۔)

سوال نمبر۳: انسانی آنکھ کی ساخت کو تصویر کی مدد سے واضح کریں۔اور اس کے افعال تفصیلاً بیان کریں۔ (12)

سوال نمبر۴: محرکات کی تعریف کریں۔بنیادی اور ثانوی محرکات کا فرق واضح کریں۔نیز بھوک کے محرک کے عضویاتی عوامل تفصیلاً بیان کریں۔ (13)

- یا -

حافظے کی پیمائش پر تفصیلاً روشنی ڈالیں۔